کتاب نما

محاضراتِ قرآنی' ڈاکٹر محمود احمد غازی۔ ناشر: الفیصل ناشرانِ کتب' اُردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۴۰۴۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔

یوں تو مصنف کی شخصیت علمی اعتبار سے ہمہ جہت ہے' مگر ان کا خصوصی تعلق علوم الفقہ اور اسلامی قانون سے ہے۔ ان کی زیرتبصرہ کتاب علومِ القرآن کے متنوع مضامین کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔ پیش لفظ (ص ۹) کے مطابق مؤلف موصوف کی مزید کتابیں محاضراتِ حدیث' محاضراتِ فقہ اور محاضراتِ سیرت بھی بالترتیب منظرِعام پر آنے والی ہیں۔ یہ ان کی متنوع علمی دل چسپیوں کا ثبوت ہے۔

زیرنظر خطبات الہدیٰ انٹرنیشنل' اسلام آباد کی ایک ورکشاپ میں شریک ان خواتین کے سامنے پیش کیے گئے جو خود مختلف حلقوں میں بطور مدرّسات' دروسِ قرآن کا اہتمام کرتی ہیں۔ مجموعہ کل ۱۲ خطبات پر مشتمل ہے۔ سبھی موضوعات' نہایت اہم اور پُرکشش ہیں اور قرآن اور علوم القرآن کے ہر متعلم و معلم کے لیے ان کا مطالعہ ضروری بلکہ ناگزیر ہے' مثلاً: تدریسِ قرآن مجید' ایک منہاجی جائزہ (ص ۱۱)' تاریخ نزولِ قرآن مجید (ص ۸۵)' تدریسِ قرآن مجید' دورِ جدید کی ضروریات اور تقاضے (ص ۳۷۵)' وغیرہ۔

خطبات کا انداز تحریری اور تحقیقی کے بجاے تقریری اور داعیانہ ہے۔ مؤلف کے مطابق ''اندازِ بیان میں خطیبانہ رنگ کہیں کہیں بہت زیادہ نمایاں ہوگیا ہے'' (ص ۹)۔ لیکن اندازِ بیان واقعتاً اتنا دل چسپ' اور مشمولات اتنے معلومات افزا ہیں کہ قاری کی دل چسپی کم نہیں ہوتی۔

مجموعی طور پر یہ کتاب مؤلف کی وسعتِ علمی' ذخیرۂ معلومات اور علومِ قرآنیہ سے گہری دل چسپی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ مضبوط یادداشت اور داعیانہ تڑپ کی بنا پر فاضل مؤلف ایک